# زمین کے تارے

لو رات ہو گئی ہے لو چھا گیا اندھیرا
باغوں میں بسنے والے سب لے چکے بسیرا

ہر سمت آسماں پر تارے چمک رہے ہیں
تارے جو ہیں زمیں پر اُن کو یہ تک رہے ہیں

پوچھو گے تم زمیں کے وہ کون سے ہیں تارے؟
آؤ تمھیں دکھائیں تارے وہ پیارے پیارے

NCERT published



دیکھو چمک رہے ہیں باغوں میں باڑیوں میں
کیا اُڑ رہے ہیں ہر سُو کھیتوں میں جھاڑیوں میں

یہ ننھی لالٹینیں کیا جگمگا رہی ہیں
اِس سمت آ رہی ہیں اُس سمت جا رہی ہیں

ہیں آگ کے پتنگے یا پھول پھلجھڑی کے
کیا نُور سے بھرے ہیں یہ ننّھے کیڑے

تم جانتے ہو اِن کو؟ جگنو ہے نام اِن کا
اندھیاریوں کو روشن کرنا ہے کام اِن کا

کیا خوش نُما ہیں دیکھو قدرت کے کارخانے
قدرت کے کارخانے قدرت ہی خوب جانے



حفیظ جالندھری

© NCERT not to be republished

## سوالات

1۔ شاعر نے زمین کا تارا کسے کہا ہے؟
2۔ جگنو کہاں کہاں چمک رہے ہیں؟
3۔ شاعر نے جگنو کے لیے کون کون سے لفظ استعمال کیے ہیں؟
4۔ جگنو کا کام کیا ہے؟